10204- سگرٹ اور تمباکو کی تجارت

سوال

اسلام میں سگرٹ اور تمباکو کی تجارت کرنے کا حکم کیا ہے، جو کہ ٹوبیکو کمپنی کے لائنس کے ذریعہ فروخت کیا جاتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

سگرٹ نوشی اور حقہ نوشی، اور تمباکو
کاشت کرنا، اور اس کی تجارت کرنا حرام ہے، کیونکہ اس میں بہت عظیم اور بڑا نقصان
اور ضرر ہے اور حدیث میں بیان ہوا ہے کہ :

"نہ توکسی کو نقصان دو، اور نہ ہی
خود نقصان اٹھاؤ"

اور اس لیے بھی کہ تمباکو اور سگرٹ
خبیث اور گندی چیز ہے، اور اللہ سبحانہ وتعالی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے
صفت کے متعلق فرمایا ہے کہ :

**{اور وہ ان کے لیے پاکیزہ اشیاء
حلال کرتا ہے، اور ان پر خبث اور گندی اشیاء حرام کرتا ہے}** الاعراف (157).

اور ایک دوسرے مقام پر ارشاد باری
تعالی ہے :

وہ آپ سے سوال کرتے ہیں کہ ان کے لیے
کیا حلال کیا گیا ہے ؟ آپ کہہ دیجئے کہ ان کے لیے پاکیزہ اشیاء حلال کی گئی ہیں
المائدۃ (4).

ماخوذ از : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ
للبحوث العلمیۃ والافتاء (31/13).

واللہ اعلم .